چیک جمع کاری پالیسی کے اقتباسات

**فوری کریڈٹ سہولت**

بیرونی چیکوں اور مقامی چیکوں کی فوری کریڈٹ کی سہولت صرف ان مراکز پر جہاں کوئی باقاعدہ کلیئرنگ ہاؤس موجود نہ ہو ان رقموں کے لیے جو -/15,000 روپیوں (روپئے پندرہ ہزار محض) سے زائد نہ ہوں صارفین کے لیے دستیاب ہے بشرطیکہ کچھ مخصوص شرائط پوری ہوں۔

**مقامی چیکوں کی جمع کاری کے لیے وقت کی حد**

کسی اہم ضرورت کے تابع، بینک مقامی چیکوں کو ہر مرکز پر لاگو انضباطی اور کلیئرنگ ہاؤس اصولوں کی سخت مطابقت میں جمع کرنے کی کوشش کرے گا۔

**بیرونی چیکوں کی جمع کاری کے لیے وقت کی حد**

بیرونی چیکوں کے لیے صارف کے کھاتہ میں تیز تر کریڈٹ دینے کے لیے ممکنہ طور پر بہترین حد تک ساری کوششیں کی جائیں گی جن میں کثیر شہری رسائی بھی شامل ہے۔ وہ بیرونی چیک جنہیں اندرون ملک مراکز پر جمع کاری کے لیے بھیجا گیا ہے ان پر مندرجہ ذیل وقت کی حدیں لاگو ہوں گی:

| نمبر | محل وقوع | وقت کی حدیں (زیادہ سے زیادہ مدت) |
|---|---|---|
| 1 | وہ چیک جو بینک کی کسی شاخ پر جمع کیے گئے ہوں اور ریاستوں کی راجدھانیوں پر قابل ادا ہیں | زیادہ سے زیادہ سات دنوں کی مدت میں کریڈٹ کردیے جاتے ہیں۔ ایام کا شمار ڈیپازٹ مقام اور قابل ادائیگی مقام دونوں جگہوں پر درمیان میں آنے والی چھٹیوں کو چھوڑ کر ہو گا۔ |
| 2 | چیک جنہیں بڑے شہروں پر ڈرا کیا گیا (drawn) ہو (جیسا کہ وقتاً فوقتاً بینک کے ذریعہ شناخت کیا جائے) | ڈیپازٹ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 10 دنوں کے اندر کریڈٹ کردیے جاتے ہیں۔۔ ایام کا شمار ڈیپازٹ مقام اور قابل ادائیگی مقام دونوں جگہوں پر درمیان میں آنے والی چھٹیوں کو چھوڑ کر ہو گا۔ |
| 3 | چیک جنہیں مذکورہ بالا مراکز کے علاوہ پر ڈرا کیا گیا | ڈیپازٹ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 15 دنوں کے اندر کریڈٹ کردیے جاتے ہیں۔۔ ایام کا شمار ڈیپازٹ مقام اور قابل ادائیگی مقام دونوں جگہوں پر درمیان میں آنے والی چھٹیوں کو چھوڑ کر ہو گا۔ |

بینک چیکوں کی جلدی وصولی کے لیے فالواپ کرنے کی خاطر تمام مطلوبہ اقدامات کرے گا اور اس طرح سے تاخیروں کے ساتھ کسی بھی وصولی کو عام نہیں کیا جائے گا اور ان کا ایک ایک کیس کے حالات کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا۔ ایسی صورت میں کہ بینک یا اس کے ایجنٹ نے بیرونی چیک/چیکوں کو تصفیہ/ڈراوی بینک کو فراہم کردیا ہو اور اس کے بعد آر بی آئی کے ذریعہ متعین کردہ وقت حدود کے مطابق دستاویز/دستاویزات کا تصفیہ کرنے کی ذمہ داری بینک پر ہو گی۔ تصفیہ/ڈراوی بینک کے ذریعہ غیر منصفانہ تاخیروں کی صورت میں، بینک اس طرح کے حالات میں تاخیر کردہ وصولی (realization) کے لیے سود ادائیگیوں کی اہلیت کی تعیین کرے گا۔

**تاخیر کردہ جمع کاری کے لیے سود کی ادائیگی**

بینک اپنے صارفین کو مندرجہ ذیل کے مطابق سود کی ادائیگی کرے گا اس صورت میں کہ آمدنیوں کو کریڈٹ کرنے میں مذکورہ بالا مدت کے پرے تاخیر ہو ان بیرونی چیکوں کے تعلق سے جنہیں جمع کاری کے لیے قبول کیا گیا ہو جہاں بینک کی اپنی خود کی شاخ ہے یا جہاں نمائندہ بینک/بینکوں کے ساتھ کوئی انتظام ہو

ا) اوپر اشارہ کردہ وقت کی حد سے پرے کی تاخیر مگر ڈیپازٹ کی تاریخ سے پینتالیس دنوں کے اندر سیونگس بینک شرح جیسا کہ وقتاً فوقتاً ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ تجویز کیا جائے۔

ب) ڈیپازٹ کی تاریخ سے 45 دنوں کی تاخیر۔ میعادی ڈیپازٹ شرح برائے متعلقہ مدت جیسا کہ وقتاً فوقتاً بینک کے ذریعہ شائع کیا جائے۔

ج) غیر معمولی تاخیر، یعنی ڈیپازٹ کی تاریخ سے 90 دنوں سے زائد کی تاخیر۔ مماثل میعادی ڈیپازٹ شرح سے 2% اعلی۔

د) ایسی صورت میں کہ زیر جمع چیک کی آمدنی کو صارف کے اوور ڈرافٹ/مقامی کھاتہ میں کریڈٹ کیا جانا تھا، سود اس شرح پر دیا جائے گا جو قرض کھاتہ پر لاگو ہو گی۔ غیر معمولی تاخیروں کے لیے، سود قرض کھاتہ پر لاگو شرح سے 2% اعلی شرح پر دیا جائے گا۔